آٹھواں سبق : کرشن چندر

A. Read the following passage with the aid of the glossary.

سیٹھ من سکھ لال نے بڑی محبت سے میری پیٹھ پر ہاتھ پھیرا اور کہنے لگے:

چلیئے، اندر چلیئے۔

ہم دونوں آہستہ آہستہ ڈرائنگ رُوم کی طرف بڑھ رہے تھے۔ سیٹھ بدستور اُسی محبت سے میری پیٹھ پر ہاتھ پھیر رہے تھے اور کہتے جاتے تھے: ایک بات تو ہے۔ آپ کو نوعمری میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اب ایک ایسی ہستی کی ضرورت ہے جو آپ کا خیال رکھ سکے۔

خیال؟ میں سوچنے لگا۔

جو آپ سے محبت کر سکے۔

محبت؟ میری آنکھیں چمکنے لگیں۔

جو آپ کی روز مرہ کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے لئے آپ کو مسرت بخش سکے

مسرت؟ یہ مبارک جھونکا کدھر سے آ رہا تھا؟

جو آپ کی جیون ساتھی بن سکے۔

جیون ساتھی؟ میں نے نہایت ہی نرم لہجے میں اپنے آپ سے سوال کیا:

ایسی گدھی کہاں مل سکتی ہے؟

من سکھ لال ایک لمحے کے لئے صوفے پر چپ چاپ بیٹھ گئے۔ پھر حوصلہ کر کے میرے قریب آئے، اور بولے: اب آپ اپنی جاتی بھول جائیے۔ بھول جائیے کہ کبھی آپ گدھے تھے۔ آج سے آپ ایک نئے طبقے میں قدم رکھ رہے

ہیں۔ اک نئے سماج میں، نئی دنیا میں، یہاں کی قدریں کچھ اور ہیں۔ آپ میری بیٹی سے شادی کر لیجئے!

آپ کی بیٹی سے؟ میں نے زور سے چیخا اور ایک دم صوفے سے اُٹھ کھڑا ہوا۔ مِس رُوپ وَتی سے؟

B. Answer the following questions about the passage. Answers should be full sentences in Urdu.

1 من سکھ لال گدھے کو داماد کیوں بنانا چاہتا ہے؟ آپ کا کیا خیال ہے؟

2 گدھے کا ردِّ عمل کیا ہے؟

3 آپ کی رائے میں اس کہانی کا کیا مقصد ہو سکتا ہے؟ تین چار جملوں میں بتائیں۔

Glossary

a name	Seṭẖ Man Sukẖ Lāl
back	pīṭẖ
to stroke	pẖernā (hātẖ ko)
son-in-law	dāmād
purpose, point	maqṣad
sentence	jumla(h)
to move towards	baṛẖnā
as usual	ba-dastūr
at a young age	nau-ʿumrī meṅ
success	kām-yābī
to take care of	ḳhayāl rakẖnā
to shine	camaknā
everyday	roz-mara(h)
responsibility	ẕimma(h)-dārī
to fulfill	pūrā karnā
joy	musarrat
to give, to bestow	baḳhšhnā
blessed	mubārak
a gust (of wind)	jẖaunkā
life partner (spouse)	jīwan sātẖī
extremely	nihāyat
soft	narm
tone, accent	lahja(h)
donkey	gadẖā
female donkey	gadẖī
moment	lamḥa(h)
sofa	ṣofa(h)
quiet	cup cāp
to pluck up one's courage	ḥauṣala(h) karnā

race	jātī
(social) class	ṭabqa(h)
take a step	qadam rakh̲nā
a name	Rūpwatī
society	samāj
value	qadar
reaction	radd-i ʿamal